21/01/2026
07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر مینبلال وانی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ اٹل پنشن یوجنا کو سال2030-31تک توسیع دینے کو مرکزی کا بینہ کی منظوری//سکیم کے تحت8کروڑ66لاکھ سے زائد مستحقین درج۔

*........لوک بھون جموں میں تریپورہ ،منی پور اور مگھالیہ کے سٹیٹ ہُڈ دن کے سلسلے میں تقریب کا انعقاد// ایل جی منوج سنہا نے دی مبارکباد۔

*........وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بجٹ سے پہلے کی مشاورت کو جا ری رکھتے ہوئے آج مختلف محکموں کے منصوبوں کا لیا جائزہ۔

اور

*........ چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جمونو کشمیر میں عملائے جا رہے MSME ہیلتھ کلینک کی پیش رفت کا لیا جائزہ۔

اٹل یوجنا

نئی دلی میں وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں منعقدہ مرکزی کابینہ کی میٹنگ کے دوران آج اٹل پنشن یوجنا کو سال 2030-31تک توسیع دینے کو منظوری دی گئی۔یہ اسکیم مئی2015میں شروع کی گئی تھی جس کی رو سے 60برس کے زیادہ کی عمر کے غیر منظم ورکروں کوایک ہزار سے پانچ ہزار روپے تک کی پنشن ادا کی جائے گی ۔ اس اسکیم کے تحت اب تک 8کروڑ66لاکھ سے زیادہ مستحقین کو درج کیا گیا ہے۔
کا بینہ میٹنگ کے دوران سمال انڈسٹریز ڈیولپمنٹ بینک آف انڈیا کو5ہزار کروڑ روپے کا Equity سپورٹ دینے بھی منظوری دی گئی۔

سنہا

دریں اثناءلوک بھون جموں میں آج تریپورہ، منی پور اور مگھالیہ کے سٹیٹ ہُڈ دن کے سلسلے میں تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقعے پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ان ریاستوں کے گونا گوں ثقافتی ورثے کو اُجاگر کر تے ہوئے کہا کہ یہ ریاستیں خطے کی اقتصادی ترقی کو یقینی بنانے نیز اختراعیت، اقتصادی، استحکام اور سماجی تانے بانے کو دوام بخشنے میں اہم رول ادا کر رہی ہے۔

ایل جی مبارکباد

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے میگالیہ ، تریپورہ اور منی پور کے لوگوں کو ان کے سٹیٹ ہُڈ ڈے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے ان ریاستوں کے لوگوں کیلئے نیک خواہشات کا اظہا رکیا ہے۔

CMمیٹنگ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے2فروری سے شروع ہونے والے بجٹ اجلاس سے پہلے آج دوسرے روز بھی مختلف محکموں کے ساتھ بجٹ سے پہلے مشاورت کا سلسلہ جاری رکھا ۔ آج انہوں نے PWD کے علاوہ صنعت و سماجی بہبود، صحت و طبی تعلیم ، اسکولی تعلیم ، اعلیٰ تعلیم، حرفت محکمونکے منصوبوں کا جائزہ لیا۔وزیر اعلیٰ نے اس موقعے پر عوام دوست بجٹنگ

نیزعوامی رقومات کو ترجیحی سیکٹرونپر صرف کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ، وزیر تعلیم سکینہ ایتو،چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کے علاوہ کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

چیف سیکریٹری

ہیلتھ MSME چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں کلنک پیشرفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے صنعت و حرفت محکمے پر زور دیاکہ وہ ایک ایسا منصوبہ کو معیاد بند مدت کے اندر MSMEs مرتب کریں جس کی رو سے جموں کشمیر بھر میں تمام عملایا جا سکے۔

ڈلو

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے نبارڈ کی اعلیٰ اختیاری کمیٹی کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے یعنی رورل انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ فنڈ کے تحت دِر دست لئے گئے پروجیکٹوں پر پیش رفت RIDF کا جائزہ لینے کے علاوہ اس سکیم کے تحت جموں وکشمیر کے لئے تجویز شدہ نئے پروجیکٹوں سے متعلق جانکاری حاصل کی۔

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے 2027 کی مردم شماری کو بر وقت مکمل کرنے کے لئے نقش راہ ڈائریکٹوریٹ کے درمیان نزدیکی تال میل Census کو حتمی شکل دیتے ہوئے یوٹی انتظامیہ اور کی ضرورت اجا گر کرتے ہوئے تمام ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ مردم شماری کا کام احسن طریقے پر مکمل کرنے کے لئے اپنا بھر پور تعاون دستیاب رکھیں ۔

ہینڈ ی کرافٹس

ہینڈی کرافٹ اینڈ ہینڈ لوم محکمے نے وادی میں نمدہ صنعت کو دوا م بخشنے نیز اس کی شان رفت بحال کرنے کیلئے میکنیکل اینڈ ہاسپٹلز انجینئرنگ محکمے کے اشتراک سے ایک جدید طرز کی کارڈنگ میشن لگانے کا فیصلہ کیاہے ۔ اس میشن کی اُون پراسس کرنے کی سالانہ صلاحیت لگ بھگ30ہزار کلو گرام ہوگی ۔

ایک پریس بیان میں محکمہ نے کہا ہے کہ اس پہل کی بدولت ایک طرف وادی کے ہینڈی کرافٹس شعبے کو تحفظ دینے اور روزگار کے دیر پا وسائل پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔

سکینہ ایتو

نیشنل کانفرنس کی سینئر لیڈر اور کا بینی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ حکومت لوگوں کو ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب کرانے کی وعدہ بند ہے۔

پورہ میں آج میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے پی ڈی پی کی پالیسیوں کی DH نکتہ چینی کر تے ہوئے کہا کہ ان پالیسیوں کی وجہ سے جموں وکشمیر کے لوگوں بقول سکینہ ایتو گونا گوں مشکلات سے دو چار ہونا پڑا ہے۔

ساگر

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر کی صدارت میں آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر بلاک خانیار کے کارکنوں کا ایک اجلاس منعقد ہوا جس دوران لوگوں کے مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت ترقیاتی منظر نامے کو دوام بخشنے کی وعدہ بند ہے۔

BJP

سے متعلق VB G Ram G بی جے پی جموںو کشمیر کی طرف سے آج سوچیت گڈھ جموں میں ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ پارٹی کے جنرل سیکریٹری بلدیو سنگھ بلاوریہ نے اس موقعے پر ملک کو وکست بنانے میں اس قانون کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔
انہوںنے مزید کہا کہ جموں صوبے میں بارشوں سے متاثرہ علاقون کےلئے1ہزار430کروڑ روپے کے پیکیج واگذار کیا گیا ہے۔

DGP
ڈائریکٹر جنرل پولیس نے یوم جمہوریہ کے پیش نظر آج ضلع پولیس آفس شوپیان میں ایک نے امن و قانون، انسداد دہشت DGP جامع سکیورٹی جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں گردی تیاریوں اور سکیورٹی صورتحال کا مجموعی جائزہ لیا۔
میٹنگ میں سپیشل ڈی جی پی کارڈنیشن ایس جے ایم گیلانی، آئی جی پی کشمیر وی کے بردی کے علاوہ دیگر اعلیٰ پولیس افسران نے شرکت کی۔

سرینگر پولیس
پولیس نے آنے والی یوم جمہوریہ تقریب کے سلسلے میں شہرسرینگر میں سکیورٹی گرڈ کو مزید مضبوط کیا ہے۔ حساس مقامات پر پولیس کی اضافی نفری کو تعینات کیا گیا ہے اور جگہ جگہ پر ناکے لگا کر گاڑیوں کی تلاشی لی جا رہی ہے۔

بریک
یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر Radiokashmir@gmail.com شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس پر بھیج سکتے ہیں ۔
-----Gong-----

پرگتی پروجیکٹ
جموںو کشمیر میں سڑک رابطوں کو بڑھاوا دینے کےلئے مرکزی سرکار نے کئی اہم پروجیکٹ در دست لئے ہیں جن میں سے کئی ایک پروجیکٹوں کو مکمل کیا جا چکا ہے۔ ان پروجیکٹوں میں جموں۔ ادھمپور۔ سرینگر۔ بارہمولہ ریل پروجیکٹ بھی شامل ہے۔
یہ پروجیکٹ سال1994میں شروع کیا گیا اور مجموعی طور پر اس پر 42ہزار760 کروڑ روپے صرف کئے گئے۔ اس پروجیکٹ کو جون2015کے بعد پرگتی پہل کے دائرے میں لایا گیا۔
پرگتی پہل کی بدولت اس پروجیکٹ کو جلداز جلد مکمل کرنے میں مدد ملی۔ مرکزی سرکار نے پرگتی پہل کے تحت وقتاً فوقتاو جموںو کشمیر کےلئے احکامات بھی صادر کئے۔

اعجاز ایوب
ملکی سطح پر ترقیاتی پروجیکٹوں کی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے کیلئے لازمی ہے کہ ان پروجیکٹوں کی اعلیٰ سطح پر نگرانی کی جا سکے ۔ اس تعلق سے مرکزی سرکار نے پرگتی پہل شروع کی ہے جس کی رو سے وزیر اعظم نریندر مودی بذات خود اہم پروجیکٹوں کی پیشرفت کا جائزہ لے کر ان کی ہر وقت تکمیل کو یقینی بناتے ہیں۔
پرگتی پہل کی اہمیت کے بارے میں جموں کشمیر کے ایک معروف اقتصادی ماہر ڈاکٹر اعجاز ایوب نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔
............Byte............

سوریہ گھرPM
سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کے تحت لگ PM جمونو کشمیر میں 31دسمبر 2025تک بھگ18ہزار روف ٹاپ سولر سسٹم نصب کئے گئے ہیں۔ ان میں سے16ہزار284 سسٹمز کو گرڈ کے ساتھ جوڑ دیا گیا ہے۔ سرکار کی طرف سے جاری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ اس سکیم کے تحت مرکز کی طرف سے لگ بھگ 1ارب30کروڑ روپے جبکہ یوٹی انتظامیہ کی طرف سے3کروڑ روپے سبسڈی واگذار کی گئی ہے۔

جموں پولیس
ایس ایس پی کٹھوعہ مہیتا شرما کی نگرانی اور عدالت کے احکامات کے تحت پولیس نے ضلع کے تحصیل مہان پور کے بھوشن کمار نامی مفرور مجرم کی جائیداد کو منسلک کیا ہے۔
پولیس نے ادھمپور میں ریکھا دیوی نامی خاتون کو ضلع مجسٹریٹ کے احکامات کی خلاف ورزی کر کے VPNاستعمال کرنے پر کیس درج کیا ہے۔
وہاں پولیس نے اکھنور میں ابھیشیک جموال کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کر کے اُسے گرفتار کیا ہے۔
دریں اثناءایس ایس پی ڈوڈہ نے یوم جمہوریہ کے سلسلے میں ضلع میں لئے جا رہے حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔
اسی دوران ڈوڈہ پولیس کے اہتمام سے منعقد کیا گیا وومنز کرکٹ ٹورنامنٹ کا گرینڈ فنالے سپورٹس اسٹیڈیم ڈوڈہ میں منعقد کیا گیا۔ جس میں ضلع ترقیاتی کمشنر ڈوڈہ ہر ویندر سنگھ اور ایس ایس پی ڈوڈہ سندیپ مہتا نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔

کشمیر پولیس
پولیس نے سوپور میں کاٹھی دروازہ سرینگر کے سبزار احمد شیخ اور نہار پورہ سوپور کے منظور احمد صوفی نامی دو ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔
پولیس نے بارہمولہ میں غیر قانونی کان کنی میں شامل مشینری اور گاڑیوں کو ضبط کیا ہے۔
پولیس نے سیشنز کورٹ گاندربل میں ایک ڈرگ سمگلر کو مجرم ثابت کر کے اُسے5سال کی سزا اور25 ہزار روپے کی جرمانے کی سزا دلوائی ہے۔

مطالبہ
عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے، تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔

وحید الرحمان
پی ڈی پی کے پلوامہ کے ممبر اسمبلی وحید الرحمان پرہ نے جموں کشمیر میں کے طبی نگہداشت کے شعبے پر بڑھتے بوجھ پر تشویش کا اظہار کر تے ہوئے کہا ہے کہ پچھلے5برسوں کے دوران کینسر جیسی مہلک بیماریوں سے67ہزار لوگ افراد فوت ہو چکے ہیں۔ انہوننے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ صحت کے شعبے کی کمیوں کو دور کرنے کےلئے فوری اقدامات کریں تاکہ لوگوں کو مہلک بیماریوں کا علاج و معالجہ کرنے میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے پنچایتی راج کے مرکزی وزیر سے اپیل کی ہے کہ وہ جمونو کشمیر مینپنچایتی راج اداروں کے رقومات کی بر وقت واگذاری کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ان میں خاطر خواہ اضافہ کریں۔
ایک بیان میناںہوننے کہا کہ پنچایتی راج اداروں کو جمہوری غیر مرکوزیت اور شمولیاتی حکمرانی کے عمل میں ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت ہے۔

حج
اقلیتی امور کی مرکزی وزارت نے اس سا ل حج لوازمات پورا کرنے کی تاریخ25جنوری تک بڑھا دی ہے۔نجی سطح پر حج پر جانے والے عازمین سے کہا گیا ہے کہ وہ اس تاریخ تک لوازمات پورا کریں ۔اس حوالے سے جموں کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔
...........Byte...........

صوبائی کمشنر
یو ٹی سرکار کی جانب سے وادی کے دور افتادہ اضلاع بانڈی پورہ اور کپواڑہ کیلئے سبسڈ ی پر مبنی ہیلی کاپٹرسروس اسکیم کو شروع کیاگیا ہے۔ اس ضمن میں بُکنگس کی جانکاری کیلئے ڈویژنل کمشنر کشمیر کے آفس میں مقیم اسسٹنٹ کمشنر سینٹر ل سید فاروق احمد سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

ڈاکٹر اشرف گنائی
اسپتال کو جموں کشمیر کے طبی JVC سکمز صورہ کے دائرے اختیار کے تحت کام کرنے والے نگہداشت کے شعبے میں کلیدی اہمیت حاصل ہے۔
اس اسپتال میں بنیادی ڈھانچے کو بڑھاو ادینے اور مریضوں کیلئے زیادہ سے زیادہ سہولیات دستیاب کرانے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس حوالے سے سکمز صورہ کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔
...........Byte...........

رئیحانہ
وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں دیگر شعبوں کے ساتھ ساتھ زرعی شعبہ بھی کلیدی رول ادا کر رہا ہے۔ اس تعلق سے زرعی یونیورسٹیاں اور دیگر منسلک محکمے بے ایگریکلچر کو فروغ دے رہے ہیں-Sustainable مثال کام انجام دے کر
اس حوالے سے شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر میں ڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر ڈاکٹر رئیحانہ حبیب کنٹھ نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔
...........Byte........

ہماری ذمہ داری
سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔
....(PM)....Byte........
کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک سماجی کارکن ملک اسماعیل نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

Opening Music

........Byte........

Closing Music

ACB

اینٹی کورپشن بیوروجموں کشمیر نے رشوت ستانی کا قلع قمع کرنے کیلئے کاروائیاں جا ری رکھتے ہوئے4سرکاری ملازمین کو گرفتار کیا ہے۔

گرفتار کئے گئے ملازمین میں جونیئر اسسٹنٹ انیل جموال، کمپیوٹر آپریٹر اجیت زمورت منہاس، پٹواری محمد رزاق شامل ہیں-ASIکمار،

چنار کور

ڈویژن کی طرف سے چنار نوجوان کلب اُوڑی میں Dagger بھارتی فوج کی چنار کور کے 15جنوری سے 20جنوری تک ایک روزگار میلے کا انعقاد کیا گیا ۔ا س میلے کا مقصد اوڑی تحصیل کے بیروزگار نوجوانوں کو با اختیار بنانا ہے ۔

اس میلے میں 12کمپنیوں نے شرکت کی اور نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں روزگار کے مواقعوں سے روشناس کرایا ۔

معراج عالم

معراج عالم کی اختتامی تقریب کے سلسلے میں جمعہ کے روز جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض احمد ہمدانی آثار شریف شہری کلاشپورہ میں واعظ فرمائیں گے۔

مو سم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے24گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر ہلکی بارش یا برفباری کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت13اعشاریہ6 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی2اعشاریہ4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت22ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت7اعشاریہ2ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر34منٹ اور

غروب آفتاب شام5 بجکر51منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

......